قرارداد

29-09-2025

یہ ایوان سینئر صحافی اعجاز احمد صاحب کے ساتھ اڈیالہ جیل میں صحافیوں کی ملاقات کے دوران غیر شائستہ غیر مہذب دھمکیاں آمیز گفتگو اور زبان درازی کی مذمت کرتا ہے۔

یہ کہ سابق وزیر اعظم عمران احمد نیازی نے نہ صرف غیر مہذب اور دھمکی آمیز زبان کا استعمال کیا بلکہ اس کے بعد ان کی ایماء پر سوشل میڈیا پر اعجاز احمد صاحب اور دیگر سینئر صحافیوں کے خلاف ایک سوچی سمجھی اسکیم کے تحت ہراساں کرنے کی مہم شروع کی گئی اور اسے جان لیوا دھمکیاں بھی دی گئیں۔

یہ کہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملہ پر فوری ایکشن لیا جائے اور وزارت داخلہ کو ہدایت کی جائے کہ نہ صرف اعجاز احمد صاحب اور دیگر صحافیوں کو فوری تحفظ فراہم کیا جائے۔ بلکہ سوشل میڈیا پر اس طرح کی مہم جوئی کا تدارک بھی فوری طور پر ہونا چاہیے اور ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

علاوہ ازیں یہ ایوان کراچی میں صحافی امتیاز میر کے بہیمانہ قتل کی مذمت کرتا ہے اور قاتلوں کی فوری گرفتاری کے لئے کارروائی کا مطالبہ بھی کرتا ہے۔

یہ کہ ایوان حکومت کو ہدایت کرتا ہے کہ سوشل میڈیا پر معزز صحافی حضرات کو ٹارگٹ کر کے ہراساں کرنے کے ٹرینڈ کو روکنے کے لئے فی الفور کارروائی کی جاے اور ذمہ داران کو قانون کی سخت گرفت میں لایا جائے۔

ممبران قومی اسمبلی

دستخطی/-

خواجہ اظہارالحسن صاحب

ابرار احمد صاحب

سید امین الحق صاحب

سید نوید قمر

اعجاز حسین جاکھرانی صاحب

نور عالم خان صاحب

شازیہ مری صاحبہ